Chicago Public Schools

cps.edu
@chicagopublicschools
@ChiPubSchools

42 W. Madison Street
Chicago, IL 60602
773-553-1000

# ہمارا ویژن
2019-2024

# کامیابی کا آغاز یہاں ہوتا ہے

## ہمارا مقصد

**ہر بچے کے لیے، ہر محلے میں ایک ایسی اعلی معیار کی عوامی تعلیم فراہم کرنا، جو ہر کسی کو کالج، کریئر، اور تمدنی زندگی میں کامیابی کے لیے تیار کرے۔**




## پیمان عہد

اپنے مشن کو پورا کرنے کے لیے، ہم اپنے طلبہ، ان کے اہل خانہ اور شکاگو کے تمام باشندوں سے یہ تین پیمان عہد کرتے ہیں:

### علمی پیشرفت

نوعمر افراد میں، اعلی معیار کی تعلیم نہ صرف مستحکم علمی صلاحیتوں کو، بلکہ آموزش سے محبت، دوسروں کے ساتھ کام کرنے کی اہلیت، پیشقدمی کرنے کی تحریک، تخلیقی انداز میں مسائل کو حل کرنے کے تجربے، صحت مند زندگی جینے کی جانکاری اور ان کی کمیونٹیز میں فعال شہری بننے کی خواہش کو بھی فروغ دیتی ہے۔ ہم ایسے تدریسی اور آموزشی ماحول تیار کریں گے جو انفرادی ضروریات پوری کریں گے اور ہمارے تمام طلبہ کو ایک کامیاب بالغانہ زندگی کے لیے تیار ہونے میں مدد کریں گے۔

### مالیاتی استحکام

اعلی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کے ہمارے وعدے کو پورا کرنے کا تقاضا ہے کہ ہم ٹھوس مالیاتی نقوش پر گامزن رہیں اور عوام الناس اور اصحاب خیر کے فنڈز کے اچھے نگہبان کے بطور خدمت انجام دیں۔ ہم ریاست کی جانب سے اسکول کی منصفانہ فنڈنگ کے لیے شکاگو کی وسیع تر کمیونٹی کی حمایت کریں گے تاکہ شکاگو کے تمام بچے جن تعلیمی وسائل کے ضرورتمند اور مستحق ہیں وہ انہیں حاصل ہوں۔

### راستبازی

ہم اپنے طلبہ اور اہل خانہ، اور جن متنوع کمیونٹیز میں وہ رہتے ہیں ان کا احترام کرتے ہیں، اور ہمارے مشترک مشن میں شراکت داروں کی حیثیت سے ان کی عزت کرتے ہیں۔ ہم کھلم کھلا بات چیت کرکے اور کمیونٹی سے متعلق تاثرات پر مستقل طور پر کام کرکے ان کا اعتماد جیتیں گے۔

cps.edu/vision



# ہمارا ویژن
## 2019-2024

# کامیابی کا آغاز یہاں ہوتا ہے

## اصول

ایک ڈسٹرکٹ کی حیثیت سے، ہم اپنی تمام تر منصوبہ بندی اور طرز عمل میں درج ذیل اصولوں کی پابندی ہونا یقینی بنانے کا کام کریں گے:

### طلبہ پر مرتکز

ہم اپنے ذریعہ انجام پانے والے ہر عمل میں طلبہ کو مرکزی حیثیت دیتے ہیں۔

### پورا بچہ

ہم اپنے طلبہ کا تعاون کرتے ہیں تاکہ وہ صحت مند، محفوظ، مشغول اور علمی لحاظ سے مسابقت طلب ہوں۔

### برابری

ہم کامیاب ہونے میں در آنے والی رکاوٹوں کو ختم کرتے ہیں اور تمام طلبہ کے لیے مساوی مواقع کو یقینی بناتے ہیں۔

### علمی عمدگی

ہم طلبہ کو آئندہ کامیابی کے لیے تیاری کرنے کے لیے اعلی علمی معیارات والے متنوع نصاب اور پروگرامز فراہم کرتے ہیں۔

### کمیونٹی کی شراکت

ہم اپنے مشترک مشن کو متشکل اور اس کا تعاون کرنے کے لیے ہر محلے میں اہل خانہ، کمیونٹیز اور شراکت داران پر انحصار کرتے ہیں۔

### مسلسل آموزش

ہم طلبہ، اساتذہ، قائدین اور ڈسٹرکٹ کے لیے پورے CPS میں مسلسل آموزش کے ایک ماحول کو فروغ دیتے ہیں۔

## پانچ سالہ اہداف

**ہمارے ویژن کو پورا کرنے کے لیے، CPS درج ذیل اہداف حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔**

### ابتدائے طفولیت

**50%** — نشوونما سے متعلق تمام شعبوں میں بینچ مارکس پورا کرنے والے کنڈرگارٹن میں آنے والے طلبہ کی تعداد میں اضافہ۔

**65%** — 2nd گریڈ کے طلبہ مطالعہ کے مدنظر ملکی حصولیابی کی سطح پر یا اس سے اعلی درجے پر ہوں گے۔

**65%** — 2nd گریڈ کے طلبہ ریاضی کے مدنظر ملکی حصولیابی کی سطح پر یا اس سے اعلی درجے پر ہوں گے۔

### ابتدائی اسکول

**70%** — طلبہ مطالعہ کے مدنظر ملکی حصولیابی کی سطح پر یا اس سے اعلی درجے پر ہوں گے۔

**70%** — طلبہ ریاضی کے مدنظر ملکی حصولیابی کی سطح پر یا اس سے اعلی درجے پر ہوں گے۔

### ہائی اسکول

**90%** — فریشمین ہائی اسکول سے سند یافتگی کی راہ پر گامزن ہوں گے۔

**90%** — طلبہ پانچ سالوں کے اندر ہائی اسکول سے سند یاب ہوں گے۔

**50%** — طلبہ SAT پر کالج کے لیے آمادگی کے بینچ مارکس پورا کریں گے۔

**78%** — گریجویٹس کا کالج میں اندراج ہوگا۔

Chicago Public Schools

cps.edu/vision